www.KitaboSunnat.com

شفیق کوٹی

آپ آئے تو ہوئے ہیں حق و باطل روشن

جلوۂ نورِ محمدؐ سے ہوا دل روشن
شمس سے جیسے ہوا ہے مہِ کامل روشن

آپ کے فیض سے بگڑی مری بن جائے گی
آپ ہی سے ہیں زمانے کے مسائل روشن

شمع جلتی ہے تو ہر چیز نظر آتی ہے
آپ آئے تو ہوئے ہیں حق و باطل روشن

آپ کے نام سے آجاتی ہے آنکھوں میں چمک
آپ کے ذکر سے ہوتا ہے مرا دل روشن

اللہ اللہ ضیا باریٔ نغماتِ درود
ہوگئی آپ کے میلاد کی محفل روشن

مجھ کو پہنچایا ہے در پر ترے افتاں خیزاں
عقل حیراں پہ جنوں کے ہیں فضائل روشن

ذرّے ذرّے نے دیا آپ کی منزل کا پتہ
ذرّے ذرّے سے ہوئی آپ کی منزل روشن

کہکشاں و مہ و انجم ہی نہ تھے ضَو افشاں
اُن کے قدموں سے ہوئی عرش کی محفل روشن

اب یہ سر جھک نہ سکے گا کسی در پر بھی شفیق
سجدۂ حق سے ہے پیشانیٔ سائل روشن

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ